ایرانی قونصلیٹ جنرل محمد حسین بنی اسدی کا ایم کیوایم پنجاب ہاؤس لاہور کا دورہ

رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار اکبر رندھاوا سے ملاقات، ملکی صورتحال اور دیگر امور پر گفتگو

لاہور۔۔۔7/جون 2011ء

ایرانی قونصلیٹ جنرل محمد حسین بنی اسدی نے منگل کو ایم کیوایم پنجاب ہاؤس لاہور کا دورہ کیا اور ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار اکبر رندھاوا سے ملاقات کی ۔اس موقع پر ممبر قومی اسمبلی آصف حسنین، انچارج ایم کیوایم لاہور زون سید شاہین انور گیلانی، انچارج متحدہ سوشل فورم لاہور طاہرہ آصف بھی موجود تھے۔ایرانی قونصلیٹ جنرل نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی سیاسی بصیرت اور بین الاقوامی پالیسیوں پر بات چیت کی اور انہیں سراہا۔جبکہ ایران و پاکستان کے تعلقات، تعلیمی و ٹریڈ پالیسی اور سیاسی روابط و پر بھی زور دیا۔انہوں نے اس بات کو بھی تسلیم کیا کہ ایم کیوایم ایک منظّم سیاسی جماعت ہے جو کہ پاکستان کے بڑھتے ہوئے مسائل کو کنٹرول کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے، ایرانی قونصلیٹ جنرل محمد حسین بنی اسدی کو ایم کیوایم کی جانب سے پنجاب میں زون اور ڈسٹرکٹ کی سطح پر ہونے والے کام اور تنظیمی اسٹرکچر کے بارے میں بتایا گیا، جبکہ ایم کیوایم کی جانب سے پنجاب میں فری ایمبولینس سروس، میڈیکل کیمپ اور خاص طور پر خدمت خلق فاؤنڈیشن کی عملی خدمات، پاکستان میں زلزلہ اور سیلاب زدگان کی امدادی سرگرمیوں کے بارے میں معلومات فراہم کیں، جس کو انہوں نے بہت سراہا۔بعدازاں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار اکبر رندھاوا نے انہیں ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر تشریف لانے کی دعوت دی جسے ایرانی قونصلیٹ جنرل نے قبول کرلی۔

☆☆☆☆☆